# محکمہ گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ جامعہ زرعیہ فیصل آباد

## پرانی اور ناکارہ عمارتوں کا ملبہ برائے فروخت

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی کی پرانی و ناکارہ عمارتوں انڈسٹریل ہوم سائنس کے ملبے کا نیلام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ 16 اکتوبر 2024ء، بروز بدھ دن 10 بجے درج ذیل شرائط پر کی جائے گی اور خواہش مند بولی دہندگان کیلئے درج ذیل قوائد وضبط و شرائط پر عمل کرنا لازم ہوگا۔

شرائط نیلام:۔

i۔ قومی شناختی کارڈ کی کاپی دفتر میں جمع کروانا ہوگی۔

ii۔ 50 ہزار کا **CDR** بنام آفیسر انچارج گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ بولی سے پہلے دفتر میں جمع کروانا ہوگا۔

iii۔ اپنی پیشکش پاکستانی روپے میں ہوگی۔

1۔ بولی جیتنے کی صورت میں فائلر کیلئے 10 فیصد جبکہ نان فائلر کیلئے 20 فیصد ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

2۔ بولی دہندگان کو بولی جیتنے کی صورت میں بولی کی کل رقم کا ایک تہائی 1/3 حصہ نیلامی کمیٹی کو موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ آکشن کمیٹی کی ہدایت کے مطابق آفیسر / مجاز اتھارٹی کی جانب سے بولی کی منظوری کے بعد بقیہ تمام رقم بمعہ واجب ٹیکس 3 دن کے اندر جمع کروا کر بولی شدہ سامان منظوری کے بعد 15 دن میں لیجانے کی اجازت ہوگی۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق یونیورسٹی سرکار ضبط کر لی جائیگی اور بولی شدہ سامان دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (بلند ترین بولی) کے تحت دوسری پارٹی کے حوالے کیا جائیگا۔

3۔ آفیسر / مجاز اتھارٹی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

4۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں وائس چانسلر کا فیصلہ بطور ثالث حتمی ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ ملبہ گرانے، اٹھانے کے دوران وہ تمام حفاظتی اقدامات یقینی بنائے گا جو محکمہ کی ہدایت کے مطابق ہونگے۔ کسی بھی قسم جانی اور مالی کے نقصان کی یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

نوٹ:۔ مذکورہ بالا تاریخ میں نیلامی میں / بولی کی ناکامی یا منسوخی کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 22 اکتوبر 2024ء بروز منگل اور دوسری بولی کی ناکامی یا منسوخی کی صورت میں تیسری بولی مورخہ 28 اکتوبر 2024ء بروز سموار کو مذکورہ اوقات کے دوران ہی ہوگی۔

**اگر کسی قسم کی معلومات درکار ہو تو فریق آفیسر انچارج گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ کے دفتر سے وقت سے پہلے لے سکتا ہے۔**

**آفیسر انچارج گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ (کنونیئر کمیٹی)۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد**